## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین کی نگراں وزیراعظم محمد میاں سومرو سے ٹیلیفون پر گفتگو

## بینظیر بھٹو کی شہادت کے بعد شہریوں کی املاک کی لوٹ مار اور نقصانات کی تفصیلات سے آگاہ کیا اور نقصانات کے ازالے کیلئے بات کی۔ نقصانات کے ازالے کیلئے حکومتی اقدامات کو تیز کیا جائے۔ الطاف حسین

## متاثرین کے نقصانات کا جلد از جلد ازالہ کیا جائے گا۔ محمد میاں سومرو

لندن۔۔۔6 جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نگراں وزیراعظم محمد میاں سومرو سے ٹیلیفون پر گفتگو کی اور ان سے 27 دسمبر کو پیپلزپارٹی کی سربراہ محترمہ بینظیر بھٹو کی شہادت کے بعد کراچی سمیت سندھ بھر میں مسلح دہشت گردوں کی جانب سے بڑے پیمانے پر شہریوں کی نجی املاک کی لوٹ مار، انہیں نذر آتش کرنے اور نقصانات کی تفصیلات سے آگاہ کیا اور شہریوں کے نقصانات کے ازالے کیلئے بات کی۔ جناب الطاف حسین نے نگراں وزیراعظم سے کہا کہ کسی بھی بڑے سانحہ پر عوام کی جانب سے فطری ردعمل ہوتا ہے لیکن 27 دسمبر کو محترمہ بینظیر بھٹو کی شہادت کے بعد کراچی سمیت سندھ بھر میں ایک خاص منصوبہ بندی کے تحت لوٹ مار اور قتل وغارتگری کی گئی اور احتجاج کی آڑ میں اردو بولنے والوں کو بڑے پیمانے پر نشانہ بنایا گیا، ان کی دکانوں، کارخانوں اور فیکٹریوں کو لوٹ کر آگ لگادی گئی، اردو بولنے والوں کے ساتھ ساتھ ایم کیوایم میں شامل ہونے والے سندھی، بلوچ، پنجابی، پختون، سرائیکی اور دیگر قومیتوں کے لوگوں کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ بہت سے لوگ جو روز کے کمانے کھانے والے تھے ان کا کاروبار اور دکانیں تباہ وبرباد کردی گئی ہیں اور ان کا سب کچھ لٹ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج کا یہ کونسا طریقہ ہے کہ جن لوگوں کا کسی واقعہ سے کوئی تعلق نہ ہو ان کی املاک کو جلا دیا جائے اور ان کی عمر بھر کی جمع پونجی لوٹ لی جائے؟ جناب الطاف حسین نے نگراں وزیراعظم محمد میاں سومرو سے کہا کہ متاثرہ شہریوں کے نقصانات کا جلد از جلد ازالہ ہونا چاہیے اور انہیں حکومت کی جانب سے معاوضہ دیا جانا چاہیے۔ اسی طرح احتجاج کے دوران مختلف واقعات میں شہید اور زخمی ہونے والوں کے اہل خانہ کو بھی معاوضہ دیا جائے تاکہ ان کے کچھ آنسو پونچھے جاسکیں۔ نگراں وزیراعظم محمد میاں سومرو نے ان واقعات پر گہرے افسوس کا اظہار کیا اور جناب الطاف حسین کو بتایا کہ حکومت نے نقصانات کا جائزہ لینے کیلئے ایک کمیشن قائم کردیا ہے اور چاروں صوبائی حکومتوں کو یہ ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اس کمیشن کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ یہ کمیشن نقصانات کی تفصیلات جمع کرکے حکومت کو آگاہ کرے گا تاکہ متاثرین کے نقصانات کا جلد از جلد ازالہ کیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے نگراں وزیراعظم کو بتایا کہ ایم کیوایم نے بھی شہریوں کے نقصانات کی تفصیلات جمع کرنے کیلئے شکایتی سیل قائم کردیے ہیں جہاں موصول ہونے والی تفصیلات سے حکومت کو آگاہ کیا جائے گا۔ انہوں نے نقصانات کے ازالے کیلئے حکومتی اقدامات کو تیز کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ نگراں وزیراعظم نے اس سلسلے میں ایم کیوایم کی کوششوں کو سراہا اور اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔

## راجن پور میں ٹریفک حادثے میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔6، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملتان کے ضلع راجن پور میں مسافر کوچ اور ٹریلر کے تصادم میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین) جناب الطاف حسین نے ٹریفک حادثے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## وفاقی وزیر ڈاکٹر امجد کی نائن زیرو پر ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات

کراچی۔۔۔6، جنوری 2008ء

وفاقی وزیر ڈاکٹر امجد نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات کی۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے اراکین نیک محمد اور اشفاق منگی بھی موجود تھے۔ ملاقات میں بین الصوبائی ہم آہنگی، مرکز اور صوبوں کے درمیان تعلقات اور صوبائی خودمختاری کے علاوہ باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر بھی تبادلِ خیال کیا گیا۔

## ابراہیم حیدری میں ایک فیکٹری میں دیگر ملازمین کے ہمراہ زندہ جلائے جانیوالے ایم کیوایم کے کارکن
## شاہدعلی شہید کا سوئم مٹھن کوٹ ڈیرہ غازی خان میں ہوا
## ایم کیوایم ڈیرہ غازی خان کے آرگنائزر یعقوب لاشاری، ایم کیوایم کے کارکنوں اور دیگر افراد کی شرکت

ڈیرہ غازی خان ۔۔۔6 جنوری2008ء

27دسمبر کو پیپلز پارٹی کی سربراہ محترمہ بینظیر بھٹو کی شہادت کے بعد احتجاج کی آڑ میں ہونے والے دہشت گردی کے واقعات کے دوران ابراہیم حیدری کے علاقے میں ایک فیکٹری میں جن ملازمین کو زندہ جلادیا تھا ان میں شامل متحدہ قومی موومنٹ کے کارکن شاہدعلی شہید کا سوئم آج ڈیرہ غازی خان میں کے علاقے مٹھن کوٹ میں ہوا جس میں ایم کیوایم ڈیرہ غازی خان کے آرگنائزر یعقوب لاشاری، قنبر افتخار، ایم کیوایم کے دیگر کارکنوں اور شاہدعلی شہید کے لواحقین نے شرکت کی ۔اس موقع پر شاہدعلی شہید اور دیگر شہیدوں کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کی گئی اور فاتحہ کی گئی ۔ایم کیوایم کے مقامی ذمہ داروں نے شاہدعلی شہید کے غمزدہ والد، بھائیوں اور دیگر سوگوار اہل خانہ سے دلی تعزیت کی اور تحریک کی جانب سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔

## ایم کیوایم کے شکایتی سیل میں جلاؤ گھیراؤ اور لوٹ مار کے متاثرین کا رابطہ
## متاثرین کی بڑی تعداد نے سانحہ راولپنڈی کے بعد جلاؤ گھیراؤ اور لوٹ مار کی تفصیلات جمع کرائیں

کراچی ۔۔۔6،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام سانحہ لیاقت باغ راولپنڈی کے بعد احتجاج کی آڑ میں جلاؤ گھیراؤ، لوٹ مار اور پرتشدد واقعات سے متاثرہ افراد کی جانب سے کراچی سمیت سندھ بھر میں قائم ایم کیوایم کے ’’شکایتی سیلوں‘‘ میں نقصانات کی تفصیلات جمع کرانے کا سلسلہ آج چوتھے روز بھی جاری رہا۔اس سلسلے میں کراچی میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں قائم کئے گئے مرکزی شکایتی سیل میں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے لوٹ مار کی وارداتوں سے متاثرہ افراد سے ملاقاتیں کیں اور ان سے تفصیلات معلوم کیں ۔اندرون سندھ میں ایم کیوایم کے زونوں کی سطح پر بنائے گئے شکایتی سیلوں میں بھی متاثرہ افراد کی جانب سے جلاؤ گھیراؤ اور لوٹ کے واقعات میں ہونے والے نقصانات کی تفصیل جمع کرائی ۔ایم کیوایم کی جانب سے قائم کردہ شکایتی سیلوں میں متاثرین کا جم غفیر دکھائی دے رہا ہے اور متاثرین کی بڑی تعداد ایم کیوایم کے شکایتی سیلوں میں رابطہ کرکے اپنے نقصانات کی تفصیلات جمع کرارہی ہے ۔اس موقع پر بیشتر متاثرین جو لوٹ مار کی وارداتوں کے باعث اپنی عمر بھر کی جمع پونجی سے محروم ہوگئے ہیں، واقعات کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکے اور پھوٹ پھوٹ کررونے لگے ۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور دیگر ذمہ داران نے متاثرین کو تسلی دی اور انہیں یقین دلایا کہ ایم کیوایم متاثرین کے نقصانات کے ازالے کیلئے ہرممکن کوشش کرے گی ۔ایم کیوایم کے شکایتی مراکز پر رابطہ کرنے والے متاثرین کا کہنا ہے کہ ایم کیوایم نے جلاؤ گھیراؤ اور لوٹ مار کے واقعات سے متاثرہ عوام کے نقصانات کے ازالے کیلئے عملی کوششیں کرکے سندھ کے عوام کے دلوں کو جیت لیا ہے اور ثابت کردیا ہے کہ ایم کیوایم ہی واحد جماعت ہے جو غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے جائز حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے ۔

## ایم کیوایم کے تحت لائنز ایریا اور خداداد کالونی میں آٹے کے سینکڑوں تھیلے تقسیم کئے گئے

کراچی ۔۔۔6،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام آٹے کی شدید قلت کے پیش نظر گزشتہ روز لائنز ایریا کے علاقے اے بی سینالائن، ٹیونیشیالائن اور خداداد کالونی کے مکینوں میں سینکڑوں کی تعداد میں آٹے کے تھیلے تقسیم کئے گئے ۔اس سلسلے میں ایم کیوایم کی جانب سے لگائے گئے اسٹالوں پر نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین کا زبردست ہجوم دیکھنے میں آیا اور مکینوں کی بڑی تعداد نے قطار میں لگ کر اس سہولت سے فائدہ اٹھایا۔دریں اثناء ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدوار برائے این اے 251 وسیم اختر، برائے پی ایس 115 رضا ہارون اور جمشید ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم جاوید احمد نے آٹے کے تھیلوں کی تقسیم کے سلسلے میں لگائے گئے اسٹالوں کا دورہ کیا اور عوام میں آٹے کے تھیلے تقسیم کئے ۔اس موقع پر نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے آٹے کی قلت کے پیش نظر ایم کیوایم کے تحت آٹے کے تھیلے تقسیم کرنے کے عمل کو سراہا اور ایم کیوایم کے عملی کردار کی تعریف کی ۔اس موقع پر مکینوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے بھی دعائیں کیں ۔

## ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکن نصراللہ کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔6،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن نصراللہ کی والدہ محترمہ بشیراں بی بی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## حق پرست امیدواران نے نیوکراچی انڈسٹریل ایریا میں نذرآتش کی گئی فیکٹریوں کا دورہ کیا

## 5،فیکٹریاں لوٹ مار کے بعد مکمل طور پر تباہ کر کے نذرآتش کردیں گئیں،15 فیکٹریوں کو جزوی نقصان پہنچا

## نقصانات پر فیکٹریوں کے مالکان سے حق پرست امیدواران کا اظہارافسوس

کراچی۔۔۔6،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے این اے 243 عبدالوسیم،این اے 244 شیخ صلاح الدین اورحق پرست امیدوار برائے پی ایس 99 خواجہ اظہارالحسن نے گزشتہ روز نیوکراچی انڈسٹریل ایریا سیکٹر 6-B کا دورہ کیااورسانحہ لیاقت باغ راولپنڈی کے بعد مسلح دہشت گردوں اورشر پسندعناصر کی جانب سے لوٹ مار کے بعد جلائی جانے والی فیکٹریوں کے مالکان سے ملاقاتیں کیں اوران سے نقصانات کی تفصیلات معلوم کیں۔اس موقع پر متاثرہ مالکان نے حق پرست امیدواروں کو بتایا کہ شر پسندوں کی جانب سے لوٹ مار کے بعد پانچ فیکٹریوں کو مکمل طور پر تباہ کردیا ہے جبکہ تولیہ،دھاگا اور گارمنٹس کی 15 فیکٹریوں کو لوٹ ماراورآتش زدگی کے باعث جزوی نقصان پہنچا ہے۔حق پرست امیدواروں نے فیکٹری مالکان سے دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم متاثرین کے ساتھ ہے اوران کے نقصانات کے ازالے کیلئے ہر ممکن کوشش کررہی ہے۔بعدازاں حق پرست امیدواران نے ایوب گوٹھ گلشن معمار اسکیم 33 میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں نذرآتش کئے جانے والے گھروں،دکانوں،ہوٹلوں،دفاتر اورایم کیوایم کے الیکشن آفسوں کا بھی دورہ کیااورنقصانات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر ایم کیوایم نیوکراچی اوراسکیم 33 کی سیکٹر کمیٹیوں کے ارکان بھی ان کے ہمراہ تھے۔

☆☆☆☆☆